## سوال

(351) نماز میں پاؤں ملانے کا طریقہ

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

انسانی پاؤں مخروطی شکل کے ہوتے ہیں، پنجا بہ نسبت ایڑھی کے چوڑا ہوتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ انگوٹھے سے ایڑھی والی لائن تقریباً سیدھی ہوتی ہے جب کہ پاؤں کا بیرونی حلقہ ترچھا ہوتا ہے تو پھر صف بندی میں ایڑھی سے ایڑھی ملانے کا کیا طریقہ اختیار کیا جائے؟ کندھے سے کندھا تو آسان ہے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پاؤں کے اگلے حصے سے پہلے ایڑھی ہے، ایڑھی ملائیں۔ صحیح صورت پیدا ہو جائے گی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :321

محدث فتویٰ